بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الاولى : العقائد والكلام** | **مجموع الأرقام: ۱۰۰**

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... عقائد نسفیہ

سوال نمبر 1: (الف) اسبابِ علم کتنے اور کون کون سے ہیں؟ خبر صادق کی اقسام بیان کر کے ہر ایک کا حکم بیان کریں۔ ۶+۹=۱۵

(ب) عقائد نسفی کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی کوئی دس صفات بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) تکوین کا کیا مطلب ہے نیز اللہ کی رؤیت ممکن ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) قیامت میں کیا کیا ہونا حق ہے۔ نیز جنت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہے یا قیامت کے دن پیدا کی جائیں گی؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: (الف) نصوص کو کونسے معانی پر محمول کرنا چاہیے اور اس کے برعکس کرنے کا کیا حکم ہے؟ نیز دابة الارض کیا چیز ہے؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) کراماتِ اولیاء کے بارے عقیدۂ اہل سنت بیان کریں۔ ۱۰

حصہ دوم ..... الحق المبین

سوال نمبر 4: (الف) ذوالخویصرہ تمیمی کون تھا اور اس کے بارے کون سی آیت نازل ہوئی؟ اور کیوں؟ پورا واقعہ قلمبند کریں۔ ۱۵

(ب) توہینِ رسول میں عرف عام اور قائل کی نیت کا اعتبار ہوتا ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے کتنے اور کون کون سے اسباب لکھے ہیں جن کی وجہ سے کسی علم میں برائی آسکتی ہے؟ ۱۵

(ب) علماء اہل سنت عباراتِ دیوبند کے سیاق وسباق کو دیکھے بغیر ان پر فتوی لگا دیتے ہیں، الزام کا تحقیقی جواب دیں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) امام احمد رضا نے علماء دیوبند کی عبارات کو توڑ مروڑ کر علماء حرمین سے کفر کے فتوی پر دستخط کرا کر حسام الحرمین میں شائع کیے بعد میں علماء دیوبند نے درست عبارات انہیں دکھائیں تو علماء حرمین نے ان دیوبند کی تصدیق کی۔ شبہ کا ازالہ کریں۔ ۱۵

(ب) نماز میں رسول اللہ ﷺ کا خیال آجائے تو نماز کا کیا حکم ہوگا؟ علماء دیوبند اور علماء اہل سنت کا مذہب بیان کریں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثانية: الميراث | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: قال رسول الله ﷺ تعلموا الفرائض وعلموها فانها نصف العلم

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور علم میراث کے نصف علم ہونے کی کوئی تین وجوہ بیان کریں۔ ۱۵=۱۲+۳

(ب) اصحاب فرائض کی تعریف کر کے بتائیں کہ میت کے ترکہ کے ساتھ کتنے اور کون کون سے حقوق وابستہ ہوتے ہیں ۱۵=۱۲+۳

سوال نمبر 2: (الف) زوج اور زوجہ کے احوال وراثت بیان کریں۔ ۱۵=۷+۸

(ب) حجب کی تعریف کریں اور حجب حرمان کے افراد بیان کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 3: (الف) مخارج فروض کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ اور ایک دوسرے سے ملا کر مسئلہ کا مخرج بتائیں ۱۵=۱۰+۵

(ب) سگی بہنوں کے کتنے اور کونسے حالات ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4: درج ذیل ورثاء میں میت کی جائیداد کس طرح تقسیم ہوگی؟ (کوئی چار اجزاء حل کریں) ۴۰=۱۰x۴

(الف) میت ________
باپ — بیٹی

(ب) میت ________
بیٹا — ۳ بیٹیاں

(ج) میت ________
شوہر — ۲ بیٹیاں — ماں

(د) میت ________
بیوی — ماں — ۳ بیٹیاں

(ہ) میت ________
۳ سگی بہنیں — چچا

(و) میت ________
بہن — بیٹی — دادی — بھائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

پرچہ نمبر 3

عالیہ سال اول

الإختبار السنوى لشهادة العالمية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثالثة: الفقه | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: واذا طلق امرأته طلاقا بائنا او رجعيا لم يجز له ان يتزوج باختها حتى تنقضى عدتها وقال الشافعى ان كانت العدة عن طلاق بائن او ثلاث يجوز لانقطاع النكاح بالكلية اعمالا للقاطع ولهذا لو وطئها مع العلم بالحرمة يجب الحد

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور احناف کی دلیل اور امام شافعی کی دلیل کا جواب دیں۔ ۲۵=۵+۱۰+۱۰

(ب) کن الفاظ سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے اور کن الفاظ سے منعقد نہیں ہوتا؟ ائمہ کا مؤقف مع الدلائل بیان کریں۔ ۱۵

نمبر 2: وينعقد نكاح الحرة العاقلة البالغة برضاها وان لم يعقد عليها ولى بكرا كانت او ثيبا عند ابى حنيفة وابى يوسف فى ظاهر الرواية وعن ابى يوسف انه لاينعقد الابولى وعند محمد ينعقد موقوفا

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے اس میں بیان کردہ مسئلہ کی وضاحت کریں۔ ۱۵=۸+۷

(ب) بالغہ باکرہ کو نکاح پر مجبور کرنا ولی کیلئے جائز ہے یا نہیں؟ احناف و شوافع کا مؤقف مع الدلیل قلمبند کریں۔ ۱۵=۷+۸

سوال نمبر 3: الكفاءة فى النكاح معتبرة قال عليه السلام الالايزوج النساء الاالاولياء ولايزوجن الامن الاكفاء

(الف) عبارت کا ترجمہ تحریر کریں اور بتائیں کہ کفو کیلئے کن کن چیزوں کا اعتبار کیا جاتا ہے۔ ۱۵=۱۰+۵

(ب) اگر کوئی عورت اپنا نکاح غیر کفو میں کرے تو اس کے نکاح کا کیا حکم ہے نیز اگر وہ کفو میں حق مہر مثلی سے کم پر نکاح کرے تو کیا حکم ہوگا؟ ۱۵

سوال نمبر 4: ويقع طلاق كل زوج اذا كان عاقلا بالغا ولايقع طلاق الصبى والمجنون والنائم لقوله عليه السلام كل طلاق جائز الاطلاق الصبى والمجنون ولان الاهلية بالعقل المميز وهما عديما العقل والنائم عديم الاختيار

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے مذکورہ مسئلہ کی وضاحت کریں۔ ۱۵=۸+۷

(ب) طلاق حسن کی تعریف کریں نیز اگر عورت کو حیض نہ آتا ہو تو اس کو تین طلاقیں سنت کے مطابق دینے کا کیا طریقہ ہے؟ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 5: (الف) اگر کوئی شخص اپنی غیر مدخول بہا منکوحہ کو اکٹھی تین طلاقیں یا متفرق تین طلاقیں دے تو کونسی طلاق واقع ہوگی؟ اور کیوں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے یا شوہر اسے طلاق دے دے تو حاملہ یا حائضہ ہونے کی حالت میں اس کی عدت کتنی ہوگی؟ ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الرابعة : لمسند الامام الاعظم وآثار السنن | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... مسند امام اعظم

سوال نمبر1: عن جابر قال یارسول الله ﷺ حدثنا عن دیننا کاننا ولدنا له، العمل بشیء قد جرت به المقادیر وجفت به الاقلام ام فی شیء نستقبل فیه العمل قال بل فی شیء قد جرت به المقادیر وجفت به الاقلام ....

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور خط کشیدہ صیغے بیان کریں۔ ۱۵=۵+۱۰

(ب) اگر ہمارے بارے میں سب کچھ لکھا جا چکا ہے اور ہمارا مستقبل طے ہو چکا ہے تو پھر ہمیں عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ مدلل جواب دیں۔ ۱۰

سوال نمبر2: عن انس بن مالک قال قلنا یارسول الله ﷺ لمن تشفع یوم القیمة قال لاهل الکبائر واهل العظائم واهل الدماء

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۱۵=۸+۷

(ب) کیا قیامت میں رویت باری تعالیٰ ممکن ہے؟ نیز بتائیں کہ قیامت کے دن شفاعت کون کون کریں گے؟ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر3: عن عبدالله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ یجمع الله تعالی العلماء یوم القیمة فیقول انی لم اجعل حکمتی فی قلوبکم الاوانا اریدکم الخیر اذهبوا الی الجنة فقد غفرت لکم علی ما کا ن منکم

(الف) اعراب لگا کر حدیث کا ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۵=۷+۸

(ب) علم دین کے طالب/طالبہ کی فضیلت پر ایک مدلل مضمون تحریر کریں۔ ۱۰

حصہ دوم ..... آثار السنن

سوال نمبر4: عن ابن عمر ان رسول الله ﷺ کان یرفع یدیه حذو منکبیه اذا افتتح الصلوة : رواه الشیخان

(الف) اعراب لگا کر حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلہ میں احناف کا مؤقف بیان کر کے دلیل دیں۔ ۱۵=۸+۷

(ب) تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد مرد کو ہاتھ سینہ پر باندھنے چاہئیں یا ناف کے نیچے؟ اپنے مؤقف کو دلیل سے مزین کریں۔ ۱۰

سوال نمبر5: عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله ﷺ لاصلوة لمن لم یقرء بفاتحة الکتاب، رواه الشیخان

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز تشریح اس طرح کریں کہ احناف کا مؤقف ترجیحاً ثابت ہو جائے۔ ۱۵=۷+۸

(ب) جہری نمازوں میں تعوذ وتسمیہ جہراً پڑھنا چاہیے یا سراً؟ مدلل جواب دیں۔ ۱۰

سوال نمبر6: عن ابن عباس ان النبی ﷺ قال البسوا من ثیابکم البیاض فانها اطهر واطیب و کفنوا فیها موتاکم

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں، نیز حدیث کی روشنی میں بتائیں کہ نماز جنازہ پڑھنے کا کتنا اجر و ثواب ہے؟ ۱۵=۸+۷

(ب) کیا شوہر اپنی متوفاۃ بیوی کو غسل دے سکتا ہے؟ یا بیوی اپنے متوفی شوہر کو غسل دے سکتی ہے؟ دلیل سے بیان کریں۔ ۱۰=۵+۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولی" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات — **الورقة الخامسة: للمؤطين** — مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... مؤطا امام مالک

سوال نمبر1: عن جعفر بن محمد عن ابیه انه قال وزنت فاطمة بنت رسول الله ﷺ شعر حسن وحسین وزینب وام کلثوم فتصدقت بزنة ذلک فضة

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ کیا یہ صدقہ عقیقہ کے طور پر کیا گیا تھا؟ ۱۵=۵+۱۰

(ب) عقیقہ کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کریں نیز بتائیں کہ لڑکے اور لڑکی کا عقیقہ کتنا ہے؟ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر2: عن عائشة ام المؤمنین انها اخبرته ان افلح اخا ابی القعیس جاء یستأذن علیها وهو عمها من الرضاعة بعد ما نزل الحجاب قالت فابیت ان آذن له علیّ فلما جآء رسول الله ﷺ اخبرته بالذی صنعت فامرنی ان اذن له علیّ

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور مختصر وضاحت کریں۔ ۱۵=۵+۱۰

(ب) رضاعت کی مدت بیان کریں نیز دودھ کی کتنی مقدار سے رضاعت ثابت ہوگی؟ ائمہ کا مؤقف بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر3: عن ابن شهاب انه اخبره ان رجلا اعترف علی نفسه بالزنا علی عهد رسول الله ﷺ وشهد علی نفسه اربع مرات فامر به رسول الله ﷺ فرجم قال ابن شهاب فمن اجل ذلک یؤخذ الرجل باعترافه علی نفسه

(الف) روایت کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ اس شخص سے چار مرتبہ گواہی کیوں لی گئی جبکہ گواہ تو صرف دو ہوتے ہیں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) زنا اور سرقہ کی حد شرعی بیان کر کے دونوں کی حد پر دلالت کرنے والی آیت قرآنی تحریر کریں۔ ۱۰=۵+۵

حصہ دوم ..... مؤطا امام محمد

سوال نمبر4: عن ابی هریرة ان رجلا سأل رسول الله ﷺ فقال انا نرکب البحر ونحمل معنا القلیل من الماء فان توضأنا به عطشنا افنتوضأ بماء البحر فقال رسول الله ﷺ هو الطهور ماؤه الحلال میتته

(الف) حدیث کا ترجمہ کر کے خط کشیدہ کی دلیل کے ساتھ وضاحت کریں کہ کیا تمام بحری جانور حلال ہیں؟ ۱۵=۱۰+۵

(ب) مؤطا امام محمد کی روشنی میں دلیل دے کر بتائیں کہ کتنا بڑا حوض ہو تو اس سے درندوں کے پینے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا؟ ۱۰

سوال نمبر5: ان رسول الله ﷺ قال یامعشر المسلمین هذا یوم جعله الله عیدا للمسلمین فاغتسلوا ومن کان عنده طیب فلایضره ان یمس منه وعلیکم بالسواک

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور کیا حدیث میں مذکور (اغتسلوا) امر کا صیغہ وجوب کے لیے ہے؟ دلیل دیں ۱۵=۷+۸

(ب) تیمم کا طریقہ بیان کر کے اس کی مشروعیت کا پس منظر تحریر کریں۔ ۱۰=۶+۴

سوال نمبر6: ان عبدالله بن عمر کان اذا ابتدء الصلوة رفع یدیه حذو منکبیه واذا رفع رأسه من الرکوع رفعهما دون ذلک

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵=۷+۸

(ب) تکبیر تحریمہ کے وقت مرد ہاتھ کہاں تک اٹھائے؟ نیز رکوع وسجود کے وقت رفع یدین کیا جائے یا نہ؟ ایک ایک دلیل دیں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة السادسة: لاصول الحديث** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ اصطلاحات کی تعریفات تحریر کریں۔

(الف) معلق ، شاذ ، صحیح لذاتہ ، متواتر ، مدرج ، غریب ، موضوع — ۴۰=۸x۵

(ب) کتب حدیث کے کل کتنے طبقات ہیں؟ کوئی سے دو طبقات کی وضاحت کریں۔ — ۴۰=۱۶(۲x۸)x۴

سوال نمبر 2: (الف) احادیث سے ثابت ہونے والے امور کی تفصیل قلمبند کریں؟ — ۱۵

(ب) حدیث ضعیف کی تقویت کی کوئی تین صورتیں تحریر کریں۔ — ۱۵=۵x۳

سوال نمبر 3: (الف) امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے بارے آپ کے معاصرین اور بعد کے تین ائمہ کے تاثرات تحریر کریں۔ — ۱۵=۵x۳

(ب) امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے صحابہ کرام سے سماع حدیث کیا تھا یا نہیں؟ اپنا موقف بالدلیل ثابت کریں۔ — ۱۵

سوال نمبر 4: (الف) امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی سیرت و کردار اور علمی خدمات کا ایک مختصر مگر جامع جائزہ قلمبند کریں۔ — ۱۵

(ب) امام بخاری کا فقہی مسلک اور آپ کی قوت حافظہ کے بارے اپنی تحقیق ضبط تحریر میں لائیں۔ — ۱۵=۷+۸

سوال نمبر 5: (الف) امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف شرح معانی الآثار کا سبب تالیف، وجہ تسمیہ اور اسلوب بیان کریں۔ — ۱۵=۸+۴+۳

(ب) صحیح بخاری کی کوئی سی تین شروحات کا مختصر تعارف بیان کریں۔ — ۱۵=۵x۳